تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 14, 2025

پریس ریلیز

ڈاکٹر ذاکر حسین کی وراثت کے جشن سے متعلق کلچرل میٹ اور انٹر ایجنسی اسپورٹس کی میزبانی جامعہ ملیہ اسلامیہ کرے گا

صاحب بصیرت اور سابق صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر ذاکر حسین کی وراثت کی تکریم کرتے ہوئے ڈاکٹر ذاکر حسین کی سالگرہ تقریبات کے جشن کے سلسلے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا شعبہ سوشل ورک مورخہ سولہ فروری دوہزار پچیس کو انٹر ایجنسی اسپورٹس اور کلچرل میٹ کی میزبانی کرے گا۔ حاشیائی طبقات کے بچوں کے لیے یہ پروگرام ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا جہاں کھیل کود، موسیقی اور تہذیبی و ثقافتی پروگراموں سے متعلق وہ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرسکیں گے۔

سترہ غیر سرکاری تنظیموں کے تین سو سے زیادہ بچے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیں گے۔ کھیل کود کے سارے پروگرام جامعہ اسکول گراؤنڈ میں ہوں گے جب کہ تہذیبی وثقافتی پروگرام جامعہ سینیئر سیکنڈری اسکول کے ملٹی پرپز ہال میں منعقد ہوں گے۔ پروگرام میں محترمہ پوجا گروال پیرااولمپک شوٹنگ چمپئن، جناب منا خالد، پیرالمپین (بیڈ منٹن) اور ڈاکٹر شاردا کماری (شعبہ سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سابق طالبہ اور سبکدوش پرنسپل، ڈی آئی ای ٹی) سمیت اہم اور ممتاز شخصیات شریک ہوں گی۔ مدر ڈیئری پرائیوٹ لمٹیڈ، انڈین آئل کارپوریشن لمٹیڈ، شعبہ، سوشل ورک جامعہ ملیہ اسلامیہ کے المنائی اور دیگر پُرجوش افراد نے پروگرام کو اسپانسر کیا ہے۔ یہ پہل سماجی امپاورمنٹ کے تئیں جامعہ کے وسیع تر عہد کے اہم حصے کے طورپر ہے جو ملک کے تعلیمی منظر میں حاشیائی طبقات کی مکمل شرکت کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

یہ پروگرام انیس سو اکہتر سے ایک سالانہ روایت کے طورپر ہوتا آیا ہے جو محروم طبقات کے بچوں کو نئی فضا سے روشناس کرانے اور انھیں اپنے خوابوں کے حصول کے لیے کوشاں رہنے کی ہمت افزائی کرتا ہے۔ مختلف غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) میں موجود ایم۔اے سوشل ورک کے طلبہ فیلڈ پریکٹس کے حصے کے طورپر پروگرام کے توسط سے ان بچوں کی رہنمائی کرتے ہیں۔

پروگرام میں صرف صلاحیتوں کی قدر افزائی نہیں ہوتی بلکہ بچوں میں خود اعتمادی اور امید کو فروغ دے کر انھیں اظہار کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ اپنی ممکنہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں۔

دوسری طرف بچوں کے لیے یہ پروگرام صرف مقابلے کا دن نہیں بلکہ اسے سماجی و معاشی رکاوٹیں دور کرنے، یونیورسٹی کی بااختیار بنانے والی فضا کا تجربہ کرنے اور تعلیم کے پیش کردہ انقلاب آفریں امکانات کا استعارہ ہے۔ پروگرام اس بات کا بھی موقع فراہم کرتا ہے کہ بچے ایک دوسرے سے بات چیت کریں اور اپنے نظام عقائد کو کسوٹیوں پر جانچیں پرکھیں۔

ڈاکٹر ذاکر حسین کی بصیرت میں پیوست یہ سالانہ پروگرام تعلیم اور مواقع کو سب کے لیے قابل رسائی بناکر آج بھی طبقات اور برادریوں کو متحرک اور متحد کررہا ہے۔ یہ وقت شمولیت کی لازوال طاقت اور سماجی انصاف اور امپاورمنٹ کے تئیں اشتراکی کوششوں کے مثبت اثرات پر غور و فکر کا ہے۔ اس سال کے انٹر ایجنسی اسپورٹس اور کلچرل میٹ کی کنوینر ڈاکٹر آسیہ نسرین ہیں۔ شعبہ سوشل ورک کے تمام اراکین اس کے لیے کوشاں ہیں بچوں کے لیے یہ پروگرام ان کی زندگی کا بامعنی تجربہ ثابت ہو۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی